SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
July 15, 2020

ایس ای سی پی کا سکیورٹیز اور فیوچر مارکیٹ ایکٹ میں اصلاحات پر آن لائن سیمینار کا انعقاد

اسلام آباد (جولائی 14): سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے سکیورٹیز ایکٹ اور فیوچر مارکیٹ ایکٹ کی اصلاح اور انضمام پر ویبنار (ان لائن سیمینار) منعقد کیا۔ ایس ای سی پی نے کیپٹل مارکیٹ کے قانونی ڈھانچے کو تبدیل اور جدید بنانے کے اصلاحاتی ایجنڈے میں سکیورٹیز ایکٹ اور فیوچر مارکیٹ ایکٹ کو نئے سرے سے مرتب کرنے اور یکجا کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

مذکورہ قوانین میں بہتری لانے کے لئے سٹیک ہولڈرز کی تجاویز او آراء طلب کرنے اور دونوں قوانین کو یکجا کرنے کے لئے اس ویبنار منعقد کیا گیا۔ ویبنار میں ان رکاوٹوں کی نشاندہی کی گئی جو کہ کاروبار کی ترقی یا ریگولیٹری قوانین پر عمل درآمد میں حائل ہیں اور جنہیں ختم کیا جا سکتا ہے یا ان میں آسانی لائی جا سکتی ہے۔ تکنیکی مالیاتی جدت طرازی، ڈیجیٹلائزیشن کی حوصلہ افزائی کے لئے اصلاحات، اسلامک فنانس پراڈکٹ کے تعارف یا تشہیر سے متعلقہ ریگولیٹری مشکلات جو کہ سرمایہ کاروں کے تحفظ اور کیپٹل مارکیٹ کے بنیادی ڈھانچے میں ترقی اور بہتری کو بری طرح متاثر کر رہی ہیں۔

ویبنار میں مختلف پس منظر سے تعلق رکھنے والے شرکاء نے شرکت کی۔ شرکاء کی طرف سے قوانین میں ترمیم کے لئے متعدد تجاویز او آراء موصول ہوئیں۔ ایس ای سی پی نے شرکاء کے سوالات کے تفصیلی جوابات پیش کیے۔ ایس ای سی پی یقین رکھتا ہے کہ مارکیٹ کے تمام شراکت داروں کی مشاورت سے کیپٹل مارکیٹ میں اصلاحات کی جانی چاہئں۔ ایس ای سی پی کا مقصد ایک ایسا قانون تشکیل دینا ہے جو کہ آسان ہو اور قابل عمل ہوں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005